© rasailojaraid.com



24-05-07 قومی اسمبلی کے رکن جناب فرید احمد پراچہ ڈپٹی سیکرٹری جماعت اسلامی پاکستان نے فارم تو حید آباد اور کلیۃ الحدیث الشریف کا دورہ کیا۔

26-05-07 سرکاری محکمہ تعلیم کی طرف سے عصری علوم پڑھانے کے لیے جامعہ و برانچہائے جامعہ میں تقریباً 20 مدرسین و معلمات کی منظوری دی گئی۔

6-06-07 امیر جمعیت الشیخ عبدالرحمٰن حنیف نے دور حاضر کی مناسبت سے مرکزیت اور جماعت کی اہمیت اور اتفاق و اتحاد کی ضرورت کے موضوع پر اساتذہ وطلباء سے خصوصی خطاب کیا۔ آپ نے منافرت پھیلانے اور شکوک وشبہات پیدا کرنے والوں کی شدید مذمت کی۔

17-06-07 الشیخ محمد سلفی صاحب نائب امیر غرباء اہل حدیث پاکستان و مدیر جامعہ ستاریہ کراچی 5 رکنی وفد کے ہمراہ تشریف لائے اور جامع الجامعۃ میں بعد نماز ظہر اساتذہ وطلباء سے خطاب فرمایا۔ وفد میں حافظ ادریس و حافظ انس صاحبان بھی شامل تھے۔

22-06-07 جمعیۃ احیاء التراث الاسلامی مکتب پشاور کے مدیر جناب عبیداللہ صاحب اور رفقاء کار نے جامعہ کا دورہ کیا جس میں الشیخ سلیم اللہ عبدالباقی خان صاحب بھی شامل تھے۔

25-06-07 جناب خورشید انور بمع فیملی کراچی سے تشریف لائے اور کلیۃ الدراسات الاسلامیۃ للبنات کا دروہ کیا۔

27-06-07 جناب عبدالرحمٰن غلام رحمانی لاہور اور جناب مجیب مجاہد رحیم یار خان نے بمع فیملی جامعہ کا دورہ کیا۔

30-06-07 الاثر پبلک سکولز بلتستان کے زیر انتظام موضع غواڑی، یوگو اور کریس میں قائم سکولوں کے ششماہی امتحانات کے مشترکہ اعلان نتائج کے سلسلے میں الاثر پبلک سکول غواڑی میں ایک پر رونق جلسہ منعقد ہوا۔ تینوں سکولوں کے طلباء کے مابین حسن قراءت، حمد ونعت، تقریر، معلومات اور کھیلوں کے دلچسپ مقابلے ہوئے۔

الاثر سکولوں کے ایڈوائزر جناب الحاج عبدالسلام بلغاری صاحب نے نتائج کا اعلان کیا۔ جس کے مطابق الاثر پبلک سکول غواڑی نے اول، الاثر پبلک سکول کریس نے دوم اور الاثر پبلک سکول یوگو نے سوم پوزیشن حاصل کی۔

© rasailojaraid.com